فوری ریلیز کے لیے: 2023/18/5 **_گورنر KATHY HOCHUL_**

## ***گورنر HOCHUL نے 43NORTH43 کے نویں سٹارٹ اپ مقابلے کا اعلان کر دیا***

### ***بفیلو میں واقع ایکسیلیٹر نے 1$ ملین کی سرمایہ کاریاں وصول کرنے کے لئے پانچ کمپنیوں کی تلاش شروع کر دی ہے***

***درخواستیں آن لائن [یہاں] جمع کروائی جا سکتی ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ 43North کے نویں سال کے لئے درخواستیں اب وصول کی جا رہی ہیں، جو ریاست کی مالی اعانت سے چلنے والا ایکسیلریٹر ہے اور 5$ ملین کی سرمایہ کاری کے ذریعے عالمی معیار والے کاروباری افراد کو راغب کرتا ہے کہ وہ بفیلو میں اپنی اسٹارٹ اپس قائم کریں۔ اس سال، 43North پانچ بالکل نئی سطح والی اسٹارٹ اپس کا انتخاب کرے گا جن میں سے ہر ایک کو 1$ ملین کی سرمایہ کاری ملے گی تاکہ وہ اپنے شاندار ایکسیلریٹر پروگرام میں شامل ہوں۔

"بفیلو 43North کے اسٹارٹ اپ مقابلے اور معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لئے نیویارک کی جانب سے کی جانے والی سرمایہ کاریوں جیسے پروگراموں کی بدولت ٹیکنالوجی اور جدت طرازی کا ایک شاندار مرکز بن گیا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اپنے آغاز کے بعد سے ہی 43North نے اس کمیونٹی میں نئی روح پھونکنے اور کاروباری افراد اور تخلیق کاروں کی اگلی نسل کو بفیلو کی ترقی میں تعمیر اور حصہ لینے کی ترغیب دینے میں قابل تعریف کردار ادا کیا ہے۔ میں 43North کے مسلسل جاری کام کی بہت معترف ہوں اور دنیا بھر کے کاروباری افراد کے لیے ہمارا پیغام صاف اور واضح ہے - کہ ریاست نیویارک مستقبل کی جابز کا اولین گھر ہے۔"

**بفیلو کے میئر Byron Brown نے کہا،** "43North کی طرف سے پیش کردہ انقلابی تبدیلیاں لانے والی معاشی کامیابی جدید تر جابز کی تخلیق، جدید ترین کاروباری اداروں اور متنوع، اعلی ترین ٹیلنٹ کو ہمارے خطے کی جانب راغب کرکے ہماری کمیونٹیز کی ترقی کی شاہراہ پر گامزن کر رہی ہے۔ میں اس سال کے درخواست دہندگان کی مدد و معاونت کرنے کا منتظر ہوں اور مغربی نیویارک میں معاشی بحالی کے عمل کو تیز تر کرنے کے لئے North43 کا انتہائی شکر گزار ہوں۔"

43North جمعرات، 12 اکتوبر2023 کے دن بفیلو میں شیاز پرفارمنگ آرٹس سینٹر میں ایک لائیو پچ ایونٹ کی میزبانی کرے گا، جہاں ججوں کا ایک پینل دس فائنلسٹوں کی پیش کردہ پچز پر غور کرے گا اور پھر پانچ فاتح کمپنیوں کا انتخاب کرکے اسٹیج پر انکے ناموں کا اعلان کرے گا۔ 43North کے سنہ 2024 والے گروپ میں شامل ہونے کے لئے منتخب کردہ اسٹارٹ اپس میں سے ہر ایک کو 1$ ملین کی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ 43North کی جانب سے دفتر کی جگہ، ہدایات و رہنمائی، اور مدد و معاونت بھی ملے گی۔ انہیں 43North کے شمالی امریکی سرمایہ کاروں کے 1,000 سے زائد والے نیٹ ورک تک بھی رسائی ملے گی۔ ان کمپنیوں کو START-UP NY پروگرام اور 43North کے مینٹورشپ اور سپورٹ پروگرام میں اندراج کروانے کا موقع بھی ملے گا، جس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- فرداً فرداً بالمشافہ ہدایات اور رہنمائیاں اور ورک شاپس
- بفیلو میں اپنی ٹیموں میں اضافہ کرنے میں مدد کے لئے بھرتیاں کرنے والی سپورٹ سروسز تک رسائی
- کاروبار کو فروغ دینے کے لئے مقامی اور قومی روابط
- مارکیٹنگ اور میڈیا تعلقات سے متعلق معاونت
- سرمایہ کاروں کے ساتھ تعارف

منتخب کمپنیوں کو یقین دہانی کروانی ہوگی کہ وہ 5% ایکویٹی 43North کو دیں گی اور کم از کم ایک سال تک اپنے سی ای او اور کم از کم نصف عملے کو بفیلو میں تعینات کرنے کی شرط تسلیم کرنی ہوگی۔ مکمل شرائط و ضوابط یہاں ملاحظہ کریں۔

**43North کی صدر کولن ای ہیڈنگر نے کہا،** "ہم 43North مقابلوں کے نویں سال کا آغاز کرنے پر بہت پُرجوش ہیں۔ ہمارا مشن تقریباً ایک دہائی سے بفیلو میں ایک متحرک اور ہل چل سے بھرپور ماحولیاتی نظام کو فروغ دینا رہا ہے جہاں ابھرتے ہوئے کاروباری افراد ترقی کے زینے طے کر سکیں۔ ہم پہلے سے قائم شدہ مثبت رفتار میں مزید تیزی لانے کے خواہاں ہیں اور یہاں اپنی کوئین سٹی میں کاروباری افراد کے لئے مواقع پیدا کرنے کی اپنی بھرپور کوششیں جاری و ساری رکھیں گے۔"

سنہ 2014 ء میں قائم ہونے والا 43North ایک بنیادی انقلابی نوعیت رکھنے والا سگنیچر اقدام ہے جو بفیلو کی جدت طرازی اور کاروباری ماحولیاتی نظام کو فروغ دینے سے متعلق ریاست نیویارک کی بھرپور کوششوں اور سرمایہ کاریاں کرنے والی حکمت عملی کا ایک منفرد اظہار ہے۔ گزشتہ نو برسوں کے دوران 43North نے 64 سے زیادہ کمپنیوں کے متنوع پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کی ہے، جن میں سے 46% کے بانی رنگدار افراد ہیں جبکہ 26% کی بانی خواتین ہیں۔ ان اسٹارٹ اپس نے ترقی کرتے ہوئے سرمائے کی صورت میں 1$ بلین سے زیادہ کی رقوم پیدا کی ہیں۔ ان میں سے تقریباً ساٹھ فیصد کمپنیوں نے کوئین سٹی میں اپنی ٹھوس موجودگی برقرار رکھی ہوئی ہے، جس سے 1,000 سے زیادہ مقامی ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں۔ 43North کے پورٹ فولیو میں ٹیک یونیکورن کی ACV Auctions شامل ہے جس نے 24 مارچ، 2021 کے IPO کے بعد 43North کو اپنی پہلی پبلک ٹریڈڈ پورٹ فولیو کمپنی کے طور پر نئی بلندیوں پر پہنچایا ہے۔

درخواست دہندگان کے پاس 43North.org کے ذریعے اپنی درخواستیں جمع کروانے کے لئے جمعہ، 23 جون کی دوپہر تک کا وقت ہے۔ فیصلہ کرنے کا عمل ماضی کی طرح ہی رہے گا جس کی ترتیب مندرجہ ذیل طور پر رکھی گئی ہے:

- درخواستوں کا پہلے مرحلے والا تحریری جائزہ
- لائیو ویڈیو پچز کا ایک سیمی فائنل راؤنڈ
- جیتنے والوں کے ناموں کا اعلان جمعرات، 12 اکتوبر 2023 کو Shea's Performing Arts Center میں ایک بالمشافہ موجودگی والے لائیو ایونٹ کے دوران کیا جائے گا۔

بدھ، 31 مئی کو,43North اپنے پروگرام کے سابق طباء اور بانیوں کے ساتھ مل کر "43North کو درخواست کیوں دیں" نامی ویبی نار کی میزبانی کر رہا ہے جہاں ابھرتے ہوئے کاروباری افراد اس مقابلے اور ایکسیلریٹر پروگرام کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکیں گے۔ 43North کے سنہ 2023 والے اسٹارٹ اپ مقابلے کے لئے ویبی نار، پروگرام اور درخواست کے بارے میں مزید تفصیلات یہاں ملاحظہ کریں۔

**43North کے بارے میں**

43North ایک ایکسیلریٹر پروگرام ہے جو تیزی سے ترقی کرتی کمپنیوں کو بفیلو، نیویارک کی جانب راغب کرنے اور وہیں اپنے دفاتر قائم رکھنے میں مدد دینے کے لیے ہر سال $5 ملین کی سرمایہ کاری کرتا ہے۔ 43North پورٹ فولیو کمپنیاں بھی بفلو میں ایک سال کے لیے مفت انکیوبیٹر کی جگہ، متعلقہ شعبوں میں سرپرستوں سے رہنمائی، اور

دیگر کاروباری ترغیباتی پروگراموں جیسے START-UP NY تک رسائی حاصل کرتی ہیں۔ 43North ریاست نیویارک، Empire State Development, Ralph C. Wilson, Jr. Foundation اور کئی دوسرے سپانسرز کے تعاون سے کام کرتا ہے۔ 43North کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں